چھوٹے بچوں کے لیے زندگی کا اچھا اور محفوظ آغاز

کیا آپ اپنے بچے کے لیے بارنے ہاگے میں داخلے کی درخواست دینے والے ہیں؟ یہاں اس بارے میں مزید معلومات دی جا رہی ہیں کہ بارنے ہاگے میں کیا ہوتا ہے۔

Urdu

بارنے ہاگے زندگی کا ایک محفوظ آغاز دلاتا ہے

ہمارے لیے یہ اہم ہے کہ آپ کا بچہ بارنے ہاگے میں محفوظ اور اچھے حال میں ہو۔ ہم بارنے ہاگے میں کام کرنے والے لوگ خیال رکھتے ہیں اور اپنی پوری کوشش کرتے ہیں کہ ہم زبان اور عمر سے قطع نظر سب بچوں کی بات سمجھیں۔ ہم آپ والدین کے ساتھ بات چیت کرتے ہیں اور مل کر پتہ چلاتے ہیں کہ آپ کے بچے کے لیے کیا بہترین ہے۔

سب کے لیے جگہ

بارنے ہاگے میں سب کے لیے جگہ ہے چاہے آپ کا تعلق کسی بھی ملک یا علاقے سے ہو اور آپ کوئی بھی زبان بولتے ہوں۔ ہم اس مقصد کے لیے کام کرتے ہیں کہ بچے چھوٹی عمر سے ہی مختلف تہذیبوں کے بارے میں سیکھیں۔ ایک دوسرے کی تہذیب و ثقافت سے تعارف حاصل کر کے ہم ایک دوسرے کے لیے احترام اور فراخ روّیے کو فروغ دیتے ہیں۔ . ہم بارنے ہاگے میں کام کرنے والے سب والدین کے ساتھ اچھے باہمی تعاون کے خواہشمند ہیں۔

کھیل سیکھنے کا ذریعہ ہے

کھیل بچے کی زندگی کا ایک اہم حصہ ہے۔ بچے دوسرے بچوں کے ساتھ کھیلتے ہوئے سیکھتے ہیں۔ کھیل میں زبان، دوستی اور ایک دوسرے کا احترام پنپتا ہے۔ کوشش کرنے، دریافت کرنے، دہرانے اور مل کر سرگرمیاں کرنے کے ذریعے بچے سیکھتے ہیں کہ دنیا کیسے چلتی ہے۔ بارنے ہاگے میں ہم ایسے کھیل پر کام کرتے ہیں جو چھوٹی عمر سے ہی بچوں کی نشوونما کے لیے اچھا ہو۔

سکول کے آغاز سے پہلے زبان سیکھنے کے لیے بارنے ہاگے ایک اچھی جگہ ہے

بخوبی زبان سیکھنے میں کئی سال لگ جاتے ہیں اور بچے کامیابی سے کئی زبانیں ایک ساتھ سیکھ سکتے ہیں۔ اکٹھے رہنے، کھیلنے، باتیں کرنے اور گانے کے ذریعے بچے اپنی بات سمجھاتے ہیں اور دوسرے بچوں اور بڑوں کے ساتھ مل کر اظہار کرنا سیکھتے ہیں۔ بارنے ہاگے میں جلد آغاز کی وجہ سے بچوں کو سکول شروع کرتے ہوئے اچھے مواقع حاصل ہوتے ہیں۔



Oslo

کم قیمت

اگر آپ کے گھرانے کی آمدنی ایک مخصوص رقم سے کم ہے تو آپ کم فیس کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ درخواست دینے کے لیے ضروری ہے کہ آپ کا بچہ پہلے سے بارنے ہاگے میں داخل ہو یا آپ داخلے کی پیشکش قبول کر چکے ہوں۔

بارنے ہاگے میں داخلے کی درخواستوں کے لیے آخری تاریخیں

بارنے ہاگے میں داخلے کی درخواستوں کے لیے دو آخری تاریخیں مقرر ہیں: 1 مارچ اور 15 اگست۔ تاہم آپ سارا سال کسی بھی وقت درخواست دے سکتے ہیں کیونکہ کچھ بارنے ہاگر میں جگہ مہیا ہوتی ہے اور وہ آخری تاریخ تک درخواست کے علاوہ بھی بچے قبول کر لیتے ہیں۔

کیا بارنے ہاگے کے متعلق آپ کا کوئی سوال ہے؟

اپنے رہائشی بی دیل میں کام کرنے والے کسی شخص سے بات کریں۔
oslo.kommune.no/barnehage/